# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 06 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بلا مقابلہ جیت حاصل کرنے پر سیاسی جماعتوں کے درمیان باہم الزام تراشیاں۔

☆ نقل وحمل کے ریاستی وزیر نے ایس ٹی بسوں کی خریداری کیلئے ٹینڈر کے عمل کو رفتار دینے کی دی ہدایت۔

☆ ’’درپن دِن‘‘ کی مناسبت سے آج مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 66ویں تقسیمِ اسناد جلسے میں کم وبیش 65 ہزار طلبہ میں ڈگریوں کی تقسیم۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں بدھ کے بعد سردی میں اضافے کا امکان؛ موسمیات کے ماہرین کی پیشن گوئی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

میونسپل کارپوریشن انتخابات میں چند اُمیدواروں کے بلا مقابلہ الیکشن جیتنے پر مختلف سیاسی جماعتیں باہم الزام تراشی کررہی ہیں۔ بی جے پی، کانگریس، شیوسینا اور مہاراشٹر نونرمان سینا کے لیڈران اس معاملے میں ایک دوسرے پر تنقید کررہے ہیں۔ بی جے پی رہنماء اور ریاستی وزیر چندر شیکھر باون کُڑے نے بلا مقابلہ انتخابات کی مخالفت کرنے والوں سے ایک مناسب پلیٹ فارم پر انصاف مانگنے کی اپیل کی ہے۔ وزیرِ موصوف کل، چھترپتی سمبھاجی نگر طیران گاہ پر صحافیوں سے بات کررہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ قانون میں یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ انتخابات بلا مقابلہ نہیں ہونے چاہیے اور انتخابی کمیشن بھی اس کی اجازت دیتا ہے۔

***** ***** *****

اسی بیچ کانگریس کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے مہایوتی کے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے امیدواروں پر تنقید کی اور کہا کہ وہ مقبولیت کی وجہ سے نہیں بلکہ دھمکیوں اور جبر کی وجہ سے منتخب ہوئے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر کے دفتر میں کام کرنے والے زیادہ تر اہلکار بدعنوان ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس معاملے میں رپورٹ موصول ہونے کے باوجود انتخابی کمیشن نے کوئی کارروائی نہیں کی ہے۔ انھوں نے اس سلسلے میں فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

سابق رکنِ پارلیمان راجن وِچارے اور ایم این ایس قائد اویناش جادھو نے تھانے پولس سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے ان تین امیدواروں کے خلاف مقدمہ درج کریں، جنھوں نے تھانے میونسپل کارپوریشن انتخابات میں اپنی امیدواری واپس لے لی تھی۔ وچارے اور جادھو نے الزام عائد کیا کہ حکمراں جماعت نے سرکاری عہدیداروں کا غلط استعمال کرکے اور پیسوں کا لالچ دیکر تینوں امیدواروں کو اپنی درخواستیں واپس لینے پر مجبور کیا ہے۔

اسی بیچ، مہاراشٹر نونرمان سینا نے مہایوتی اُمیدواروں کے بلا مقابلہ انتخاب کے معاملے کو بامبے ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ عدالت سے کی گئی درخواست میں ایم این ایس نے کہا ہے کہ تھانے میونسپل کارپوریشن کے 68 مقامات پر ہونے والے بلا مقابلہ انتخابات پر روک لگائی جائے اور بڑی تعداد میں درخواستیں واپس لینے کی عدالتی جانچ کی جائے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ اور بی جے پی قائد دیویندر پھڑنویس نے میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیشِ نظر کل جالنہ، پربھنی اور ناندیڑ میں انتخابی جلسے کیے۔ اس موقع پر انھوں نے ریاستی حکومت کی جانب سے چلائی جارہی مختلف اسکیمات کا جائزہ لیا اور مخالف جماعتوں پر تنقید کی۔ ناندیڑ کے اندرا گاندھی میدان پر منعقدہ ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ ''وزیرِ اعظم رہائشی اسکیم'' کے تحت سبھی بے گھر ضرورت مندوں کو گھر دیئے جائیں گے۔ اس موقع پر پھڑنویس نے اس یقین کا اظہار کیا کہ مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ کے بعد ناندیڑ تیسرا صنعتی مرکز بن جائے گا کیونکہ سمرڈھی شاہراہ کے ذریعے ناندیڑ کو جوڑا جارہا ہے۔

وہیں جالنہ میں ایک جلسے سے خطاب کے دوران وزیرِ اعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ بیجوں اور اسٹیل کی پیداوار کیلئے مشہور جالنہ شہر میں گذشتہ کیے گئے ترقیاتی کاموں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اور آئندہ کیے جانے والے کاموں کی خاطر میونسپل کارپوریشن کی باگ ڈور بی جے پی کے حوالے کردیں۔

اسی بیچ، پربھنی میں وزیرِ اعلیٰ نے انتخابی ریلی میں تقریر کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ پربھنی میونسپل کارپوریشن کے تحت استعمال شدہ پانی کی نکاسی کی خاطر زیرِ زمین تعمیر کی جانے والی نالیوں کی اسکیم سمیت آبرسانی اسکیم کیلئے ریاستی حکومت میونسپل کارپوریشن کو کروڑوں روپئوں کے فنڈ فراہم کرے گی۔

***** ***** *****

حالیہ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے دوران انتخابی حلقوں میں تبدیلی سبب رائے دہندگان کو ایک ساتھ کئی امیدواروں کو ووٹ دینا ہوگا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایک تا 28 انتخابی حلقوں میں چار امیدواروں کو، جبکہ 29 ویں زون میں تین امیدواروں میں چننا ہوگا۔ اس سلسلے میں میونسپل کمشنر جی شریکانت کی جانب سے تفصیلی معلومات کا ویڈیو آپ ہمارے ٹوئیٹر ہینڈل اور فیس بک پیج پر دیکھ سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ملک کا پہلا دیسی ساختہ آلودگی کنٹرول جنگی جہاز ''سمدر پرتاپ'' کو کل بھارتی سمندری کناروں کی حفاظت پر مامور بیڑے میں شامل کیا گیا۔ اس حوالے سے گوا میں منعقدہ ایک تقریب میں وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ موجود تھے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے 2020 دہلی فسادات معاملے کے ملزمین عمر خالد اور شرجیل امام کی ضمانت کی درخواستیں مسترد کردیں۔ عدالت نے کہا کہ ان ملزمین کے خلاف غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون UAPA کے تحت مقدمہ درج کیا جاسکتا ہے۔ تاہم، عدالت نے اس کیس کے دیگر پانچ ملزمین کی ضمانت منظور کرلی۔ فروری 2020 میں شہریت ترمیمی بل کے خلاف مظاہروں میں 53 افراد کی موت ہوگئی تھی۔ اسی بیچ، بھارتیہ جنتا پارٹی نے کانگریس سے ان دو ملزمین کی حمایت کرنے پر معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

نقل وحمل کے ریاستی وزیر پرتاپ سرنائیک نے ہدایت دی ہے کہ ST کارپوریشن کے فی الحال جاری ٹینڈر کے عمل کو مزید رفتار دی جائے۔ وزیرِ موصوف کل ST کارپوریشن کے سال 26-2025 کے بجٹ فنڈ کے استعمال سے متعلق جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر انھوں نے ہدایت دی کہ ٹینڈر کے عمل کو اس طرح نافذ کیا جائے کہ رواں برس کے آخر تک ایس ٹی کے بیڑے میں نئی آٹھ ہزار بسیں شامل کی جائیں۔ سرنائیک نے ایس ٹی کارپوریشن کے مختلف محکموں کی جانب سے سست روی پر ناراضگی کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

درپن دِن آج منایا جارہا ہے۔ مراٹھی صحافت کے بانی آچاریہ بال شاستری جامبھیکر نے آج ہی کے دِن مراٹھی اخبار درپن کی شروعات کی تھی‘ جس کی یاد میں یہ دِن منایا جاتا ہے۔ اس مناسبت سے جرنلزم کے کالجز

***** ***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا 66واں تقسیمِ اسناد جلسہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کی زیرِ صدارت منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر پونے میں واقع قومی ادارے IISER کے ڈائریکٹر ڈاکٹر سنیل بھاگوت مہمانِ خصوصی کے طور پر موجود تھے۔ اس تقریب میں 51 ہزار 942 طلبہ کو ڈگریاں‘ 12 ہزار طلباء کو پوسٹ گریجویٹ ڈگریاں اور 269 طلبہ کو ایم فِل اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں دی گئیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع سمیت 13 اضلاع کو حکومت نے خواتین کے اپنی مدد آپ گروپس کے ’اُمید‘ نامی سیلز نمائش کے پروگرام میں شامل کیا ہے۔ یہ اطلاع چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد کے سی ای او انکت نے دی۔ اس پروگرام کے ذریعے حکومت نے اپنی مدد آپ گروپوں کیلئے سامان اور مصنوعات کی فروخت کی خاطر ایک مستقل مارکیٹ فراہم کیا ہے۔

***** ***** *****

بھارت نے کل 19 برس سے کم عمر کھلاڑیوں کے یک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں جنوبی افریقہ کو آٹھ وِکٹوں سے شکست دے دی۔ جنوبی افریقہ کے شہر بینونی میں کھیلے گئے اس میچ میں میزبان ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم کو 246 رنوں کا ہدف دیا۔ تاہم‘ خراب موسم کے سبب میچ کو 27 اوورز تک محدود کردیا گیا۔ جس کے بعد ڈک ورتھ لوئس قانون کے مطابق یہ ہدف 174 رنوں کا ہوگیا۔ اس میچ کو جیت کر بھارت نے سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کرلی ہے۔

***** ***** *****

لاتور میں کل چھٹی جماعت کی طالبہ کے رشتہ داروں نے ہاسٹل میں اس کی مشتبہ موت کے خلاف احتجاج کیلئے راستہ روکو آندولن کیا۔ اس سلسلے میں ایم آئی ڈی سی پولس اسٹیشن میں کیس درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

اب موسم کا حال: ریاست میں سردی کی لہر میں کچھ کمی واقع ہوئی ہے۔ زیادہ تر اضلاع میں کم از کم درجہ حرارت 13 تا 14 ڈگری سیلسئیس تک پہنچ گیا ہے۔ صرف گوندیا ضلع میں سب سے کم درجۂ حرارت ساڑھے دس ڈگری سیلسئیس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی میں کل کم از کم درجۂ حرارت میں 15 ڈگری سیلسئیس سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر میں اے پی جے عبدالکلام سائنس انسٹیٹیوٹ کے صدر شری نواس اوندھکر نے امکان ظاہر کیا کہ بدھ کے بعد درجۂ حرارت میں مزید گراوٹ آئے گی۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بلا مقابلہ جیت حاصل کرنے پر سیاسی جماعتوں کے درمیان باہم الزام تراشیاں۔

☆ نقل و حمل کے ریاستی وزیر نے ایس ٹی بسوں کی خریداری کیلئے ٹینڈر کے عمل کو رفتار دینے کی دی ہدایت۔

☆ ''دَرپن دِن'' کی مناسبت سے آج مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 66 ویں تقسیمِ اسناد جلسے میں کم و بیش 65 ہزار طلبہ میں ڈگریوں کی تقسیم۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں بدھ کے بعد سردی میں اضافے کا امکان؛ موسمیات کے ماہرین کی پیشن گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****